## سوال

(556)سودی آدمی کے ساتھ میل جول

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا فرماتے ہیں علماء کرام اس مسئلہ کے بارہ میں کہ ایک شخص زرعی بنک میں ملازم ہے جوکہ سود کا کاتب ہونے کی وجہ سے لعنتی ہے کیا حکم ہے اس کے رشتہ داروں کے بارہ میں اس سے میل جول اور کھانا پینا کر سکتے ہیں ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس کے رشتہ دار اس سے میل جول رکھیں ، اسے کوئی چیز اپنی طرف سے دے بھی دیں البتہ اس سے کوئی چیز نہ لیں اور نہ ہی اس کے گھر کا کھانا کھائیں کیونکہ اس کی کمائی حرام ہے نیز اسے سمجھاتے بھی رہیں تاوقتیکہ وہ توبہ کرے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## احکام ومسائل

## خریدوفروخت کے مسائل ج1ص389

محدث فتویٰ